**This question paper consists of 26 questions [Section-A (16)+Section-B (5+5)] and 8 Printed Pages.**

اس سوالنامہ میں کل 26 سوالات [حصہ (الف) میں (16) + حصہ (ب) میں (5+5)] اور 8 چھپے اوراق ہیں۔

**Sl. No.**

**Roll No.** رول نمبر

**Code No.** کوڈ نمبر **60/SS/A/UR**

**Set/ سٹ A**

# URDU
# اُردو
# (306-U)

Day and Date of Examination: ______________________

امتحان کا دن اور تاریخ

Signature of Invigilators: **1.** ______________________

نگران کار کے دستخط **2.** ______________________

General Instructions :

**1.** Candidate must write his/her Roll Number on the first page of the Question Paper.

**2.** Please check the question paper to verify that the total pages and total number of questions contained in the paper are the same as those printed on the top of the first page. Also check to see that the questions are in sequential order.

**3.** Making any identification mark in the answer-book or writing roll number anywhere other than the specified places will lead to disqualification of the candidate.

**4.** Write your Question Paper Code No. **60/SS/A/U** and Set **A** on the answer-book.

ھدایات:

1۔ طالب علم کو سوال نامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر لکھنا ضروری ہے۔

2۔ مہربانی کر کے اپنے سوالنامے کو جانچ لیجیے کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کر لیجیے کہ سوالات سیریز میں ہیں۔

3۔ طالب علم جواب کی کاپی میں اپنے رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اسے امتحان سے خارج کر دیا جائے گا۔

4۔ اپنے جواب کی کاپی پر سوالنامے کا کوڈ نمبر **60/SS/A/U, Set A** لکھئے۔



UNNATI EDUCATIONS
9899436384, 9654279279

# URDU
# اُردو
# (306-U)

**Time : 3 Hours]** **[Maximum Marks : 100**

**وقت: 3 گھنٹے]** **[ کل مارکس: 100**

Note : (i) This Question Paper consists of two Sections, viz., 'A' and 'B'

(ii) All questions from Section 'A' are to be attempted.

(iii) Section 'B' has two options. Candidates are required to attempt questions from one option only.

نوٹ: (i) یہ پرچہ دو حصوں پر مشتمل ہے ______ حصہ (الف) اور حصہ (ب)

(ii) حصہ (الف) کے تمام سوالات لازمی ہیں۔

(iii) حصہ (ب) میں دو اختیاری (Option) سوالات ہیں۔ آپ کو ان میں سے کسی ایک Option کا جواب دینا ہے

## SECTION - A
## حصہ (الف)

**1**۔ درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیئے اور نیچے دیئے گئے سوالوں کے جواب دیجئے۔ **[6]**

''وہ قومی بھلائی کا پیاسا اپنی قوم کی بھلائی کی فکر کرتا ہے۔ دن رات اپنے دل کو جلاتا ہے۔ ہر وقت بھلائی کی تدبیریں ڈھونڈتا ہے۔ مشکل کے وقت بڑی مایوسی سے مدد مانگتا ہے۔ جس کی بھلائی چاہتا ہے انھیں کو دشمن پاتا ہے۔ شہری وحشی بتاتے ہیں۔ دوست آشنا دیوانہ کہتے ہیں، عالم کفر کے فتوؤں کا ڈر دکھاتے ہیں۔ بھائی بند عزیز اقارب سمجھاتے ہیں اور یہ شعر پڑھ کے چپ ہو جاتے ہیں۔

سوالات:

(a) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟ اس کا مصنف کون ہے؟

(b) ''قومی بھلائی کا پیاسا'' سے مصنف کی کیا مراد ہے؟

(c) مصنف کو دن رات کس کی فکر ہے؟

(d) مصنف کے دشمن اس پر کیا الزام لگاتے ہیں؟

یا



UNNATI EDUCATIONS
9899436384, 9654279279

”مجھے کسی کام سے دیر ہوگئی تھی ۔ دیر سے روانہ ہونے پر شب کی تاریکی میں راستہ بھٹک گیا۔لگا کے مجھے ایک جانب سے روشنی آتی دکھائی دی ۔ میں اسکی جانب بڑھا۔اس خوف ناک تاریکی میں پرس پور سے آنے والی سڑک پر بھرے کو یتی پکڑے اور کانٹوں میں الجھے ہوئے دیکھ کر میں ششدر رہ گیا۔میں نے اس وقت اس کے وہاں ہونے کا سبب پوچھا تو امن نے جواب دیا کہ باباجی نے آج دوپہر کے وقت مجھے کہانی سنائی تھی اور کہا تھا کہ دن کے وقت کہانی سنانے سے مسافر راستہ بھول جاتے ہیں ۔تم دیر تک نہ آئے تو میں نے یہی جانا کہ تم راستہ بھول گیے ہوگے اور بابا نے کہا تھا کہ اگر کوئی مسافر راستہ بھول گیا تو تم ذمے دار ہوگے نا۔۔۔!

سوالات:

(a) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟اس کا مصنف کون ہے؟

(b) بھولا کو بس اڈے پر دیکھ کر ماموں حیران کیوں رہ گیے؟

(c) بھولا سے سبب پوچھنے پر بھولا نے کیا جواب دیا؟

(d) بھولا کے دل میں کیا وہم بیٹھ گیا تھا؟



UNNATI EDUCATIONS
9899436384, 9654279279

2۔ درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیجئے۔ [10]

(a) سبق ''حق وفاداری'' کس داستان سے ماخوذ ہے؟ اور اس کا مصنف کون ہے؟

(b) ''سبق'' پوس کی رات'' کے مصنف کا نام کیا ہے اور یہ کس معاشرے کی کہانی ہے؟

(c) سبق ''چوتھی کا جوڑا'' میں کبریٰ کا رشتہ نہ آنے کی کیا وجہ تھی؟

(d) افسانہ ''بھولا'' میں کس قسم کے وہم کا ذکر کیا گیا ہے؟

(e) سبق ''مِس چڑیا کی کہانی'' میں نئی روشنی'' سے مصنف کی کیا مراد ہے؟

3۔ پریم چند یا عصمت چغتائی میں سے ایک کے حالات زندگی لکھتے ہوئے ان کے اسلوب بیان پر روشنی ڈالیے۔ [4]

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کی تعریف لکھیے اور دو مصنفین کے نام لکھیے۔ [4]

افسانہ انشائیہ داستان

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیئے۔ [4]

حق وفادای۔ مِس چڑیا کی کہانی

6۔ سبق ''چوتھی کا جوڑا'' میں کون سا کردار آپ کو سب سے زیادہ پسند آیا۔ [4]

7۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم از کم دو صفحات کا مضمون لکھیے۔ [10]

میرا پسندیدہ کھلاڑی۔ میرے ارادے۔ لڑکیوں کی تعلیم۔ انٹرنیٹ کے فائدے اور نقصانات



UNNATI EDUCATIONS
9899436384, 9654279279

8۔ درج ذیل میں سے کسی ایک حصے کا مطلب شاعر کے حوالے سے لکھیے۔ [6]

(الف)

اچھا ہے اہلِ جور کیے جائیں سختیاں
پھیلے گی یوں ہی شورشِ حبّ وطن تمام

یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصالِ یار ہوتا
اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا

(ب)

یہ سرزمین ہے گوتم کی اور نانک کی
اس ارضِ پاک پہ وحشی نہ مل سکیں گے کبھی

ہمارا خون امانت ہے نسلِ نو کے لیے
ہمارے خون پہ لشکر نہ پل سکیں گے کبھی

9۔ درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ [5]

a) ''صنعت تضاد'' کس صنعت کو کہتے ہیں؟

b) تلمیح کسے کہتے ہیں؟

c) مطلع کس شعر کو کہتے ہیں؟

d) مقطع کون سا شعر ہوتا ہے؟

e) تعلّی کا ایک شعر لکھیے۔



UNNATI EDUCATIONS
9899436384, 9654279279

10۔ مرثیے کی تعریف اور اجزائے ترکیبی لکھیے۔

[6]

11۔ نظم ''نئی تہذیب'' یا ''چاندتاروں کا بن'' میں سے کسی ایک نظم کا مرکزی خیال لکھیے

[4]

12۔ غزل کی تعریف کیجیے اور دو اہم غزل گو شعرا کے نام لکھیے۔

[4]

13۔ اپنی پسند کی ایک رباعی لکھیے اور دو رباعی گو شعرا کے نام لکھیے۔

[6]

14۔ لفظ ''گل دان'' میں 'دان' لاحقہ ہے۔ یہ لاحقہ لگا کر پانچ لفظ بنائیے۔

[5]

15۔ دو مشہور مثنویوں اور ان کے شعراء کے نام لکھیے۔

[4]

16۔ شعر مکمل کیجئے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔

الٹی ہوگئیں سب تدبیریں' کچھ نہ دوا نے کام کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ [3]

(a) یہ شعر کس نے کہا ہے؟

(b) 'بیماری دل' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟



UNNATI EDUCATIONS
9899436384, 9654279279

## SECTION - B

## حصہ۔(ب)

## OPTION - I

## اختیاری ۔I

17۔ اپنے دوست کے والد کے انتقال پر ایک تعزیتی خط لکھیے۔ [4]

یا

آپ کے بھائی کی طبعیت خراب ہے۔ بھائی کو خط لکھ کر اس کی عیادت کیجیے۔

18۔ اداریہ کسے کہتے ہیں؟ موضوع کے اعتبار سے اداریے کی کتنی قسمیں ہیں۔ [4]

19۔ سرخی کی تعریف لکھیے اور بتائیے کہ سرخی لکھتے وقت کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔ [3]

20۔ انٹرنیٹ سے آپ کیا کیا کام کرتے ہیں؟ مختصراً تحریر کیجیے۔ [2]

21۔ کمپیوٹر کی میموری میں کون کون سی چیزیں شامل کی جاتی ہیں؟ [2]



UNNATI EDUCATIONS
9899436384, 9654279279

## OPTION - II

## اختیاری ۔ II

17۔ فیچر کی تین خاص باتیں لکھیے۔ [3]

18۔ مقصد کے اعتبار سے انٹرویو کی قسمیں لکھیے۔ [3]

19۔ ہندوستان کی دو بڑی اخبار ایجنسیوں کے نام لکھیے۔ [2]

20۔ ''تجارت کے فروغ میں اشتہارات کی اہمیت'' پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔ [4]

21۔ ''الیکٹرانک میڈیا اور اردو زبان'' پر چند جملے لکھیے۔ [3]

☆☆☆



UNNATI EDUCATIONS
9899436384, 9654279279